**29-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................شبانہ بیگم

------------------------------

**Music**

------------------------------

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور یوکرین کے ان کے اپنے ہم منصب Dmytro Kuleba نے آج نئی دلی میں ایک میٹنگ کے دوران موجودہ روس-یوکرین تنازعے اور اُس کے وسیع تر اثرات پر تبادلہ خیال کیا۔

☆ انکم ٹیکس محکمے نے کانگریس پارٹی کو ایک ہزار 800 کروڑروپے سے زیادہ کی وصولی کا نوٹس جاری کیا ہے۔

☆ باندہ کے چیف جوڈیشیل مجسٹریٹ نے جرائم پیشہ شخص سے سیاستداں بنے مختار انصاری کی موت کی تحقیقات کرنے کیلئے ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں شام کے 36 فوجیوں سمیت 40 سے زیادہ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ بیڈمنٹن میں این سکّی ریڈی اور بی سمیت ریڈی پر مشتمل مکسڈ ڈبلز کی بھارتی جوڑی میڈرڈ اسپین ماسٹرس ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں۔۔ بنگلورو میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کے سامنے جیت کیلئے 183 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

------------------------------

**Music**

------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Jaishankar Ukraine FM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور یوکرین کے ان کے ہم منصب Dmytro Kuleba نے آج نئی دلی میں ایک میٹنگ کے دوران روس اور یوکرین کے درمیان موجودہ تنازعے اور اُس کے وسیع تر اثرات پر تبادلہ خیال کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات کے بارے میں بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعاون سمیت ہمہ جہت رشتوں کو

مستحکم کرنے کیلئے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔ میٹنگ کے دوران اپنے افتتاحی بیان میں انہوں نے کہا کہ یوکرین کے وزیر خارجہ کا یہ دورہ یوکرین کے حالات کو سمجھنے کیلئے ایک موقع فراہم کرے گا۔

اُنھوں نے مزید کہا کہ حالیہ مہینوں میں دونوں رہنماؤں نے متعدد سطح پر باہمی بات چیت کی ہے اور کچھ دو طرفہ لائحہ عمل بھی طے پائے ہیں، جس سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات میں تیزی آئی ہے۔

S/B S JAISHANKAR BILATERAL RELATIONS

یوکرین کے وزیر خارجہ کل، دو روزہ دورے پر بھارت پہنچے ہیں۔ x

## REV INCOME TAX CONGRESS

انکم ٹیکس محکمے نے کانگریس پارٹی کو ایک ہزار 823 کروڑ روپے کی وصولی کا ایک نیا نوٹس جاری کیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ ٹیکس واجبات گزشتہ کئی سالوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے الزام لگایا ہے کہ انکم ٹیکس محکمہ کو اہم اپوزیشن پارٹی کو ہراساں کرنے کیلئے ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب کھڑگے نے کہا کہ انکم ٹیکس محکمہ پہلے ہی کانگریس پارٹی کے کھاتوں سے 135 کروڑ روپے نکال چکا ہے جو کہ اُس کے ذریعہ کراؤڈ سورسنگ کے ذریعہ جمع کردہ فنڈ ہے۔

دوسری طرف بی جے پی نے کہا ہے کہ انکم ٹیکس محکمے پر الزامات لگاکر کانگریس لیڈر اپنی مایوسی کا اظہار کررہے ہیں۔

نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سید ظفر اسلام نے کہا کہ کانگریس پارٹی ٹیکس جمع کرنے یا اپیل دائر کرنے کے صحیح طریقہ کار پر عمل پیرا ہونے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ انکم ٹیکس کمشنر سے لے کر انکم ٹیکس ثالثی کرنے والے ٹرائیبونل، یہاں تک کہ دلی ہائی کورٹ نے بھی انکم ٹیکس محکمے کے اقدامات کو برقرار رکھا اور اسے درست قرار دیا ہے۔ جناب اسلام نے کہا کہ کسی بھی رجسٹرڈ سیاسی پارٹی کیلئے انکم ٹیکس قانون کے تحت ہر سال انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرنا ضروری اور لازمی ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے قوانین کی خلاف ورزی کی اور نہ صرف ٹیکس ریٹرن داخل کرنے میں تاخیر کی بلکہ آمدنی کے بارے میں بھی غلط بیانی سے کام لیا۔ X

## MUKHTAR ANSARI - INVESTIGATION

ایک تین رکنی کمیٹی، جرائم پیشہ شخص سے سیاستداں بننے والے مختار انصاری کی موت کی عدالتی تحقیقات کرے گی۔ اُس کی موت باندہ میڈیکل کالج اسپتال میں کل رات حرکت قلب بند ہونے سے ہوگئی تھی۔ 63 سالہ مختار انصاری مئو صدر سیٹ سے پانچ مرتبہ کا سابق MLA تھا اور وہ یوپی اور پنجاب میں 2005 سے جیل میں بند تھا۔

آکاشوانی کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ باندہ کے چیف جوڈیشیل مجسٹریٹ نے MP-MLA کورٹ باندہ کی ایڈیشنل چیف جوڈیشیل مجسٹریٹ گریما سنگھ کو اس کیس میں تحقیقاتی افسر کے طور پر تقرر کیا ہے۔ پوسٹ مارٹم مکمل ہونے کے بعد مختار انصاری کے جسد خاکی کو اُن کے بیٹے عمرانصاری کے حوالے کردیا گیا اور اب اُسے آخرم

رسوم کی ادائیگی کیلئے غازی پور لے جایا گیا ہے۔
دو ڈاکٹروں کے ایک پینل کے ذریعہ اُس کا پوسٹ مارٹم کیا گیا جس کی ویڈیو گرافی بھی کی گئی۔ مختار انصاری کی موت کے بعد امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے پورے اترپردیش میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی ہے۔ اترپردیش کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس پرشانت کمار نے کہا کہ باندہ، مئو، غازی پور اور وارانسی ضلعوں میں اضافی پولیس اہلکاروں کے ساتھ ساتھ سینٹرل ریزرو پولیس فورسCRPF کی ٹیمیں بھی تعینات کی گئی ہیں۔ X

## PM Bilgats

وزیر اعظم نریندر مودی نے مصنوعی ذہانت اور AI ٹیکنالوجیز تک رسائی دینے سے پہلے مناسب تربیت فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ AI ایک اچھا وسیلہ ہے، لیکن اگر کوئی اس کا استعمال مناسب تربیت کے بغیر کرتا ہے تو اس کا غلط استعمال ہونے کے امکانات ہیں۔ نئی دلّی میں انسان دوست بل گیٹس کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی طرح کی جمہوری ملک میں کوئی بھی Deep Fake کا استعمال کرسکتا ہے۔ انھوں نے اصل اور Deep Fake کے درمیان فرق کا پتہ لگانے کے بارے میں واضح رہنما خطوط واضح کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔
جناب بل گیٹس نے AI اختراع میں بھارت کے مرکزی رول کو اجاگر کرتے ہوئے بھارت کی ٹیکنالوجیکل ترقی کی بھی ستائش کی۔ وزیر اعظم جناب مودی نے پورے بھارت میں صنفی مساوات اور اقتصادی بااختیاری کے عمل کو ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں شمولیت کے رول کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

S/B 2100 Digital Inclusion

انھوں نے کہا کہ حکومت صحت، تعلیم اور زرعی شعبے کی جدید کاری کیلئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی طاقت کا استعمال کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت میں خواتین نئی ٹیکنالوجی اپنانے کے سلسلے میں زیادہ سرگرم ہیں اور یہی وجہ ہے کہ حکومت نے نمو ڈرون دی دی اسکیم شروع کی ہے۔
قابل تجدید توانائی کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، اِس شعبے میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ملک گرین ہائیڈروجن کے شعبے میں بھی مزید ترقی حاصل کرنا چاہتاہے۔x

## EC-Cvigil APP

انتخابی کمیشن کا C-Vigil ایپ ووٹروں میں زبردست مقبولیت اختیار کر گیا ہے۔ عام انتخابات کا اعلان کئے جانے کے بعد سے اب تک شکایت درج کرانے سے متعلق اس ایپ کے ذریعے 79 ہزار شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔ انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ 99 فیصد سے زائد شکایتوں کا ازالہ کیا جاچکا ہے۔ اور ان میں سے تقریباً 89 فیصد شکایتوں کا 100 منٹ کے اندر اندر ازالہ کردیا گیا۔ 58 ہزار 500 سے زیادہ موصولہ شکایتیں غیر قانونی ہورڈنگز اور بینروں سے متعلق ہیں۔ 1400 سے زائد شکایتیں، پیسے، تحائف اور شراب کی تقسیم سے متعلق تھیں۔ ان میں سے تین فیصد شکایتیں عمارتوں اور دیواروں واملاک پر پوسٹر بینر لگا کر خراب کرنے سے متعلق درج کی گئیں۔

ہتھیار دکھانے اور دھمکانے کے خلاف درج کی گئی۔

535 شکایتوں میں سے 529 کا فوری طور پر ازالہ کردیا گیا۔ ایک ہزار سے زیادہ شکایتیں مقررہ مدت سے تجاوز کرتے ہوئے انتخابی مہم جاری رکھنے کے خلاف درج کی گئیں۔ C-Vigil انتخابی کمیشن کے ڈیجیٹل ٹیکنالوجیوں کے ذریعے انتخابات کو آزادانہ، منصفانہ اور لالچ سے پاک بنانے کو یقینی بنانے کے اقدام کا ایک حصہ ہے۔x

## BIHAR SCRUTINY

بہار میں پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے تحت گیا، نوادہ، جموئی اور اورنگ آباد پر مشتمل چار لوک سبھا پارلیمانی حلقوں میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ کُل 72 امیدواروں نے اِن چار پارلیمانی حلقوں کیلئے اپنے پرچے داخل کئے ہیں۔ سب سے زیادہ 22 امیدواروں نے گیا لوک سبھا سیٹ کیلئے پرچے بھرے ہیں۔ اس کے بعد 21 امیدواروں نے اورنگ آباد سیٹ پر جبکہ 17 امیدواروں نے نوادہ سیٹ پر اپنے پرچے داخل کئے ہیں۔ جموئی پارلیمانی حلقے میں 12 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کئے ہیں۔ ان حلقوں میں امیدواروں کے ذریعہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ دو اپریل ہے۔ اِن پارلیمانی حلقوں میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ X

## BIHAR AIMIM

اسدالدین اویسی کی قیادت والی پارٹی آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین AIMIM بہار میں 16 لوک سبھا سیٹوں پر چناؤ لڑے گے۔ AIMIM کے ریاستی صدر اخترالایمان نے اعلان کیا ہے کہ پارٹی پاٹلی پُتر، سمستی پور، سیتامڑی، والمیکی نگر اور مدھوبنی پارلیمانی حلقوں میں چناؤ لڑے گی۔ اِس سے پہلے AIMIM نے کشن گنج، پُورنیا، کٹیہار، ارریہ، دربھنگہ، بھاگل پور، Karakat، بکسر، گیا، مظفر پور اور اُجیارپور پر مشتمل گیارہ لوک سبھا سیٹوں کیلئے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا تھا۔ X

## ASSAM AFSPA

آسام سرکار نے ریاست کے چار ضلعوں میں مسلح افواج سے متعلق خصوصی اختیارات ایکٹ AFSPA میں یکم اپریل سے چھ مہینے کیلئے توسیع کر دی ہے۔ ایک نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے داخلہ اور سیاسی امور کے محکمے نے کہا ہے کہ تِنسکیا، ڈبروگڑھ، Charaideo اور Sivsagar ضلعوں کے شورش زدہ علاقوں میں AFSPA میں توسیع کی گئی ہے۔ AFSPA میں یہ توسیع اس سال 30 ستمبر تک کی گئی ہے۔ X

## PM Smarananda

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سری مت سوامی سمرنندا جی مہاراج، بھارت کی روحانی بیداری کے ایک عظیم قائد تھے اور ان کا انتقال سب کیلئے ایک ذاتی المیہ ہے۔ ایک Blog میں جناب مودی نے کہا کہ چند سال

پہلے، سوامی آتمستھانندا اِس دارِ فانی سے کوچ کرگئے تھے اور اب سوامی سمرانندا کے انتقال سے لوگوں کو گہرا صدمہ پہنچا ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں سَنت جدید تعلیم، ہنرمندی اور خواتین کو بااختیار بنانے کے تئیں انتہائی سنجیدہ تھے۔x

## VP Judicial Siystem

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت، مضبوط عدالتی نظام والا ملک ہے جہاں عدلیہ کسی گروپ یا کسی شخص کیلئے کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی۔

بھارتی جمہوریت کو منفرد قرار دیتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ بھارت کو قانون کی حکمرانی کے معاملے میں کسی سے کوئی سبق سیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آج نئی دلّی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آب پبلک ایڈمنسٹریشن IIPA کے 70ویں یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ قانون کی نظر میں سبھی کا برابر ہونا بھارت کا نیا قانون ہے۔ اور جو خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے تھے قانون اُنھیں بھی کٹہرے میں کھڑا کر رہا ہے۔ نائب صدر نے بھارت کے عدالتی نظام کو مضبوط، عوام کے حق میں اور آزاد قرار دیا۔x

## Mumbai ED-UBT

انفورسمنٹ ڈائرکیٹوریٹ نے کووڈ-19 عالمی وبا کے دوران کھچڑی تقسیم کرنے میں مبینہ بے ضابطگیاں برتنے کے تعلق سے کالے دھن کو غیرقانونی ڈھنگ سے جائز بنانے سے متعلق اپنی چھان بین کی کارروائی کے سلسلے میں شیوسینا (UBT) کے لیڈر Amol Kirtikar کو 8 اپریل کو پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ Kirtikar جو ممبئی شمال مغرب سیٹ سے لوک سبھا انتخابات کے امیدوار ہیں، انھیں اس سے پہلے 27 مارچ کو پوچھ تاچھ کیلئے ایجنسی نے طلب کیا تھا، لیکن وہ غیر حاضر رہے تھے اور 8 ہفتے کی مہلت کی گزارش کی تھی۔x

## Pakistan China

پاکستان میں دہشت گردی کے خطرات کے تناظر میں چین کے ٹھیکیداروں نے پاکستان میں Dasu اور Diamer Bhasha باندھ کے پروجیکٹوں پر تعمیری کام روک دیا ہے۔ اس دوران، چین کے تفتیش کاروں کی ایک ٹیم 26 مارچ کو خیبر پختون خوا صوبے میں چین کے شہریوں پر خودکش حملے کے معاملے میں چھان بین کے عمل میں شامل ہونے کیلئے آج اسلام آباد پہنچی۔ اس حملے میں چین کے 5 شہری اور ایک پاکستانی ڈرائیور ہلاک ہوگئے تھے۔ پاکستان کے داخلی امور کے وزیر محسن نقوی نے آج چین کے تفتیش کاروں کو حملے کے بارے میں پاکستان کی جانب سے کئے جارہے تفتیشی عمل کے بارے میں واقف کرایا۔x

## Israel Syria

مُلکِ شام کے Aleppo صوبے میں آج صبح اسرائیل کے فضائی حملے میں شامی فوج کے 36 فوجی مارے

گئے۔ گذشتہ 24 گھنٹے میں یہ اِس طرح کا دوسرا حملہ ہے۔ رپورٹس کے مطابق، اسرائیل کے فضائی حملوں میں لبنان کے حزب اللہ کے راکٹ ڈپو کو نشانہ بنایا گیا۔

مرنے والوں میں چھ افراد کا تعلق حزب اللہ گروپ سے ہے۔ شام کی سرکاری خبر رساں ایجنسی صنعا کے مطابق یہ حملہ صبح کی اوّلین ساعتوں میں ہوا، جس میں کئی شہری بھی زخمی ہوگئے۔ سال 2011 میں شام میں خانہ جنگی کی شروعات کے بعد سے اب تک اسرائیل، سیکڑوں ہوائی حملے کرچکا ہے۔

اِن فضائی حملوں میں فوجی ٹھکانوں کے ساتھ ساتھ دمشق اور فلسطینی جنگجو گروپ حماس کے حلیف حزب اللہ کو بھی نشانہ بنایا گیا جسے ایران کی حمایت حاصل ہے۔

گذشتہ سال سات اکتوبر کو اسرائیل اور حماس کے بیچ جنگ کی شروعات کے بعد یہ حملے بڑھ گئے ہیں۔x

## ICJ ISrael Order

غزہ میں اسرائیل کی طرف سے جاری جوابی کارروائی کے تناظر میں بین الاقوامی انصاف کی عدالت ICJ نے اسرائیل کو حکم دیا ہے کہ وہ غزہ میں بھکمری کے حالات نہ ہونے دینے کیلئے بلا رکاوٹ امداد پہنچانے کے سلسلے کو یقینی بنائے۔ غزہ، چند ہفتوں میں بھکمری کا شکار ہوسکتا ہے۔ ان اندیشوں کے درمیان انصاف کی بین الاقوامی عدالت نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا ہے۔ عالمی خوراک پروگرام و دیگر کے ذریعے چلائے جارہے خوراک کی یقینی فراہمی کے مربوط زمرہ بندی کے عالمی اقدام کے ذریعے غزہ میں بھکمری کے اندیشے سے متعلق قیاس آرائی کی گئی تھی۔ اسرائیل نے امداد روکنے کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ عدالت کے حکم کا جواب دیتے ہوئے اسرائیل کی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ وہ غزہ میں زمینی، ہوائی وسمندر کے راستے امداد کی آمد کو بلا رکاوٹ جاری رکھنے کیلئے نئے اقدامات کو فروغ دے رہی ہے اور موجودہ اقدامات میں توسیع کر رہی ہے۔ اسرائیل نے اپنے موقف کو دوہرایا کہ غزہ میں موجودہ حالات اور جنگ شروع کرنے کا ذمہ دار حماس ہے۔x

## Russian UN Panel

روس نے شمالی کوریا کے خلاف پابندیوں کی نگرانی کرنے والے اقوامِ متحدہ ماہرین کے پینل کو ویٹو کردیا ہے۔ کہا جارہا کہ پچھلے ہفتے ماہرین کی کمیٹی روس کے ذریعہ مبینہ طور پر شمالی کوریا کے ہتھیار جیسے بالسٹک میزائل خریدنے کے بارے میں چھان بین کر رہی تھی۔ جس کے بعد روس کی جانب سے اس پینل کی تجدید کاری کو رد کرنے کا فیصلہ سامنے آیا ہے۔ روس کی جانب سے ہتھیاروں کی خریداری کا عمل شمالی پر اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی جانب سے عائد ضابطوں اور پابندیوں کی مبینہ طور پر خلاف ورزی ہے۔

اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے شمالی کوریا کے نیوکلیائی ہتھیاروں کے پروگرام کے خلاف سن 2006 سے اُس پر مختلف طرح کی پابندیاں عائد کی ہوئی ہیں۔

روس نے سلامتی کونسل کا مستقل رکن ہونے کے ناطے پینل کی تجدید کا عمل روکنے کیلئے اپنے ویٹو اختیار کا استعمال کیا ہے، جبکہ 13 دیگر ممالک نے پینل کی تجدید کے عمل کی حمایت کی۔ البتہ چین نے ووٹنگ میں حصہ نہیں

لیا۔ ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ روس نے پینل کی تجدید کاری کو روکا ہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ذریعے پینل کی تجدید کا عمل پچھلے 14 برس سے ہر سال کیا جارہا ہے۔x

## BADMINTION MADRID OPEN

بیڈمنٹن میں این سکّی ریڈی اور بی سُمیت ریڈی پر مشتمل مکسڈ ڈبلز کی بھارتی جوڑی میڈرڈ اسپین ماسٹرس ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اُنھوں نے انڈونیشیا کی جوڑی کو اکیس۔چودہ، گیارہ۔اکیس، سترہ۔اکیس سے شکست دی۔ بھارت کی سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو تھائی لینڈ کی کھلاڑی Suanida Katethong سے ہارنے کے بعد خواتین سنگلز کی دوڑ سے باہر ہوگئی ہیں۔ سندھو نے 24-26 سے پہلا سیٹ جیتا لیکن اس کے بعد اُنھیں لگاتار دو سیٹ میں 17-21، 20-22 سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ خواتین ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں تنیشا Crasto اور اشونی پونپا پر مشتمل بھارتی جوڑی بھی تائیوان کی جوڑی Lee Chia-hsin اور Teng Chun-Hsun سے تیرہ۔اکیس، انیس ۔اکیس سے ہارنے کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں رائل چیلنجرس بینگلور نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے سامنے جیت کیلئے 183 رن کا نشانہ رکھا ہے۔یہ میچ بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔ اِس سے پہلے کولکتہ نائٹ رائیڈرس نے ٹاس جیتا اور پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ دونوں ٹیمیں اب تک IPL میں 32 مرتبہ ایک دوسرے کا سامنا کرچکی ہیں جن میں RCB نے 14 اور KKR نے 18 میچ جیتے ہیں۔

آر سی بی، 2015 کے بعد سے اب تک گھریلو میدان میں KKR کو شکست نہیں دے سکی ہے۔

رائل چیلنجرس بنگلور نے اِس سیزن میں اب تک دو میچ کھیلے ہیں۔ ان میں پہلا میچ وہ چینئی سپر کنگز سے ہار گئی تھی جبکہ دوسرے میچ میں RCB نے پنجاب کنگز کو ہرایا تھا۔

ٹورنامنٹ کی شروعات میں سن رائزرس حیدرآباد کو ہرانے کے بعد آج کا میچ کولکتہ نائٹ رائیڈرس کا دوسرا مقابلہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆